16/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

وزیر داخلہ اور امداد باہمی امت شاہ کریں گے اسکیموں کو معنون

لکھنؤ:16/دسمبر 2021

حکومت ہند کے وزیر داخلہ اور امداد باہمی جناب امت شاہ کے ذریعہ اتر پردیش ریاستی اسٹورتیج کارپوریشن اور اتر پردیش کوآپریٹو بینک لمیٹیڈ کے 155 کروڑ روپے کی اسکیموں کو معنون کل 17 دسمبر 2021 کو دوپہر 3 بجے اندرا گاندی پرتسٹھان (جوپیٹر ہال) گومتی نگر لکھنؤ میں کیا جائے گا۔اس موقع پر اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ، وزیر امداد باہمی حکومت ہند جناب بی ایل ورما بھی موجود رہیں گے۔

یہ اطلاع اتر پردیش کے وزیر امداد باہمی جناب مکٹ بہاری ورما نے دی ہے۔انہوں نے بتایا کہ اس موقع پر وزیر امداد باہمی اتر پردیش ڈاکٹر سنگیتا بلونت، چیف سکریٹری امداد باہمی جناب بی ایل مینا، اتر پردیش کوآپریٹو بینک لمیٹیڈ کے مینجنگ ڈائرکٹر جناب ورن کمار مشرا اور اتر پردیش ریاستی اسٹورتیج کارپوریشن کے مینیجنگ ڈائرکٹر جناب شری کانت گو سوامی سمیت محکمہ کے افسران/ملازمین وغیرہ موجود رہیں گے۔

☆☆☆☆☆